09/06/2025

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عارف حسین بٹ سے خبریں سُنئے

PM

سرکار میں پچھلے11برسوں کے دوران ملک میں NDA وزیر اعظم نریندر مو دی کی قیادت والی خدمت، بہتر حکمرانی اور شمولیاتی ترقی میں انقلابی نوعیت کی تبدیلی آئی ہے۔ ان 11برسوں کے دوران نوجوانوں، کسانوں اور پسماندہ طبقوں کی بہبودی کےلئے متعدد اقدامات کئے گئے جبکہ نا ری شکتی کے پروگراموں کی بھی آبیاری کی گئی ہے۔وزیر اعظم نریندر مو دی نے ترقی یافتہ بھارت کے سفر میں خواتین کے ذریعے ادا کئے گئے تبدیلی کے رول کو اُجاگر کیا ہے اور کہا ہے کہ اس عرصے کے دوران سرکار کی توجہ خواتین کی زیر قیادت ترقی پر رہی ہے۔

مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ وزیراعظم نے پچھلے11برسوں میں ملک میں متعدد تبدیلیاں لائی ہیں۔ انہوں نے اُجوالا سکیم ، جن اوشدی، اسکیم کا بھی ذکر کیا ۔Spot کسانوں کےلئے براہ راست آمدنی

واضح رہے کہ تازہ اعداد و شمار کے مطابق پچھلے کئی برسوں میں اُجولا سکیم کے تحت 10 کروڑ سلنڈرس مستحقین میں تقسیم کئے گئے ہیں جبکہ52کروڑ مُدرا لون کی سہولت کے LPG ذریعے33کروڑ کی کثیر رقم تقسیم کی گئی ہے۔ جس سے ملک بھر میں خود روزگار اسکیموں کے PM تحت کار خانہ داروں کو کا فی فروغ ملاہے۔وہیں اس عرصہ میں55کروڑ سے زائد افراد نے جندھن یوجنا اسکیم کے تحت فائنانس حاصل کیا ہے۔اسی اثناءمیں ملک بھر میں42لاکھ کلو میٹر تک آپٹیکل فائبر کیبل کا پھیلاؤ عمل میں لایا گیا ہے۔ جس کی بدولت ملک کے کونے کونے کو تیز رفتار انٹرنیٹ سے جوڑ دیا گیا ہے۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل کٹھوعہ میں ایک تقریب کے دوران کٹھوعہ واٹر فرنٹ کا افتتاح کیا جو اس تواریخی شہر میں آپسی تبادلہ خیال اور تمدنی سرگرمیونکو بڑھاوا دینے میں مد د گار ثابت ہوگا۔ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ یہ واٹر فرنٹ شہر کی پہچان کو کا ایک نیا سماجی و ثقافتی مرکز بننے کے Spots دوبالاکرے گااور واکنگ ٹریک، رستوران اور یوگا علاوہ ماحولیات کی پائیداری میں مدد کرنے میں بھی ایک کلیدی رول ادا کرے گا۔

بعد میں انہوننے کٹھوعہ کے دولیاں جٹاں علاقے میں دنسیری پالی فلم لمیٹڈ انڈسٹریل یونٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔ یہ پروجیکٹ مقامی نوجوانوں کے روز گار کے مواقعے پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ مقامی معیشت کو بڑھاوا دے گا۔اس موقعے پر اظہار خیال کر تے ہوئے ایل جی نے کہا کہ اس یونٹ سے آس پاس کے دیہی علاقوں میں بھی کاروبار کے وسیع مواقعے فراہم ہونگے۔

دریں اثناءمنوج سنہا نے جموں کے سانبہ ضلعے میں اپنی نوعیت کے پہلے نٹس اینڈ ڈرائی فروٹ پروسیسنگ پلانٹ کا بھی افتتاح کیا۔

شیو راج سنگھ

مرکزی وزیر زراعت شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ آسانی سے قابل کاشت پھلوں اور فصلوں کی طرف زراعت کو متنوع بنانا اس شعبے کی ترقی کے لئے ضروری ہے۔

وکست کرشی سنکلپ ابھیان کے ایک حصے کے طور پر بنگلورو میں کل اپنے دورے کے دوران انہوں نے ڈریگن فروٹ کی کاشت کے فائدوں کو اُجا گر کیا ۔ انہوں نے کہا کہ ڈریگن فروٹ کی کاشت کے پہلے سال کے بعد کسان سالانہ چھ سے سات لاکھ روپے تک کا منافع کما سکتے ہےں ۔

دریں اثناءملک کے دیگر حصوں کی طرح جموں کشمیر میں بھی وکست کرشی سنکلپ ابھیان کی سرگرمیاں جاری ہیں ۔

وفود دورہ

بی جے پی رکن پارلیمنٹ روی شنکر پرساد کی سربراہی میں کُل جماعتی وفد جرمنی کا دورہ کامیابی سے مکمل کر کے نئی دلی واپس پہنچ گیا ہے۔ اس وفد نے وہاں دہشت گردی کے خلاف بھارت کے زیرو ٹالرنس موقف کو اُجاگر کیا۔ وفد نے جرمنی کے علاوہ فرانس، اٹلی، ڈنمارک، برطانیہ اوربرسلز کا بھی دورہ کیا۔ جہاں ان ممالک نے پہلگام حملے کی سخت مذمت کی۔ دریں اثناءممبر پالیمنٹ ششی تھرور کی قیادت میں ایک اور کُل جماعتی پارلیمانی وفد نے امریکہ کا اپنا دورہ مکمل کیا۔ جہاں وہ امریکی نائب صدر JD Vance اور ڈپٹی سیکٹری آف سٹیٹ Christopher Landau سے ملاقی ہو ا اور دہشت گردی کے خلاف بھارت کے سخت موقف کو اُجاگر کیا۔

عرس

بلند پایہ ولی کامل حضرت بابا نظام الدین کیانوی نقشبندی ؒ کا129واں سالانہ عرس مبارک با با نگری وانگت میں آج تزک و احتشام کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ آستان عالیہ پر کل رات شب بیداری کے دوران درود و ازکاراور خطمات المعظمات کی مجالس آراستہ ہوئیں۔ اس عرس مبارک پر وادی کے علاوہ جموں صوبے اور ملک کے مختلف حصوں سے تعلق رکھنے والے عقیدت مند حاضری دے رہے ہیں۔

جتیندر سنگھ

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ ناروے نے جمونو کشمیر میں حال ہی میں پیش آئے واقعے پر افسوس کا اظہار کر کے بھارت کے ساتھ یکجہتی ظاہر کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ ناروے کے انٹرنیشنل ڈیولپمنٹ کے وزیر نے Marine Spatial-میٹنگ سے قبل انکے ساتھ ملاقات کی